اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان سے سیکرٹری وزارت مواصلات علی شیر محسود نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی ملاقات میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی (NHA) اور دیگر مواصلاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران صوبہ بلوچستان میں جاری این ایچ اے کے منصوبوں کی جلد تکمیل پر زور دیا گیا تاکہ روڈ نیٹ ورک کو مزید بہتر بنا کر عوام کے معیار زندگی کو بلند کیا ......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

جاسکے اس موقع پر دور دراز علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر و ترقی کے لئے نئے منصوبے شروع کرنے پر بھی گفتگو ہوئی ڈپٹی چیئرمین سینٹ نے کہا کہ ملک بھر میں این ایچ اے کے منصوبوں سے عوام کو نمایاں فوائد حاصل ہو رہے ہیں بلوچستان میں ان منصوبوں کی بدولت روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوئے ہیں، جو صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان نے کہا کہ بلوچستان میں روڈ نیٹ ورک کو وسعت دینے اور ٹرانسپورٹ کے نظام کو مزید موثر بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے

INTEKHAB QUETTA

## کور کمانڈر کوئٹہ کا خاران میں خصوصی بچوں کے اسکول کا دورہ

معذور بچوں کی تعلیمی سہولیات کو سراہا، گورنمنٹ کالج کے طلبا کے لیے مالی امداد کا اعلان

کوئٹہ (یو این اے) کور کمانڈر کوئٹہ لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے خاران میں فرنٹیئر کور بلوچستان (ساؤتھ) کے زیر اہتمام خصوصی بچوں کے اسکول کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہیں اسکول میں جاری تعلیمی اور تربیتی سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ یہ ادارہ خاران بقیہ نمبر 49 صفحہ 5 پر

میں اپنی نوعیت کا پہلا اسکول ہے، جو بصارت و سماعت سے محروم اور ذہنی و جسمانی معذور بچوں کو معیاری تعلیمی سہولیات فراہم کر رہا ہے۔ کور کمانڈر نے اسکول کے پیشہ ور اساتذہ اور انتظامیہ کی محنت کو سراہتے ہوئے کہا کہ معذور بچوں کے لیے ایسے اداروں کا قیام ایک مثبت اور قابل ستائش اقدام ہے۔ مزید برآں، کور کمانڈر نے گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج خاران کے ہونہار طلبا کی اعلیٰ تعلیم کے لیے مالی امداد کا بھی اعلان کیا، تاکہ علاقے کے نوجوانوں کو تعلیمی میدان میں مزید ترقی کے مواقع فراہم کیے جاسکیں۔

CamScanner

سیاسی جماعتیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 08 MAR 2025

Page No. 14

## صوبائی حکومت اخباری ہاکرز کی فلاح و بہبود کیلئے پرعزم ہے، سیکرٹری اطلاعات

### موٹر سائیکلوں کی فراہمی اخبار فروشوں کی کارکردگی میں بہتری لائے گی، عمران خان کی گفتگو

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری اطلاعات حکومت بلوچستان عمران خان نے ڈائریکٹوریٹ جنرل تعلقات عامہ (ڈی جی پی آر) کوئٹہ کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان محمد نور کھیتران اور دیگر افسران نے ان کا استقبال کیا۔ دورے کے دوران سیکرٹری اطلاعات نے اخبار فروشوں (ہاکرز) میں موٹر سائیکلیں تقسیم کیں، جو قرعہ اندازی کے ذریعے پانچ مستحق ہاکرز کو فراہم کی گئیں۔ اس موقع پر سیکرٹری اطلاعات عمران خان کا کہنا تھا کہ "حکومت بلوچستان وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں اخباری صنعت کی ترقی اور ہاکرز کی فلاح و بہبود کے لیے پرعزم ہے۔ موٹر سائیکلوں کی فراہمی اخبار فروشوں کی کارکردگی میں بہتری لائے گی اور ان کی مشکلات میں کمی آئے گی۔" ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان محمد نور کھیتران نے بھی اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ "یہ فیصلہ اخبار فروشوں کے لیے ایک مثبت پیش رفت ہے، جس سے ان کے روزمرہ کے کام میں آسانی پیدا ہوگی۔" ہاکرز ویلفیئر فنڈ کے تحت دی جانے والی ان موٹر سائیکلوں پر اخبار فروشوں نے حکومت بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ انہیں مزید فلاحی اقدامات، خصوصاً رہائشی اسکیم اور روزگار کے دیگر مواقع بھی فراہم کیے جائیں، سیکرٹری اطلاعات نے اس موقع پر یقین دہانی کرائی کہ ہاکرز ویلفیئر فنڈ کو مزید وسعت دی جائے گی اور اس کے ذریعے مزید فلاحی اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے اس فنڈ میں اضافے کے لیے اعلیٰ حکام سے اپیل کرنے کا بھی عندیہ دیا۔ حکومت بلوچستان کی جانب سے کیے جانے والے اس اقدام کو صحافی برادری اور اخبار فروشوں نے خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی ایسے فلاحی منصوبے جاری رکھے جائیں گے۔

## فوڈ اتھارٹی کا کوئٹہ، گوادر اور لورالائی میں 35 سے زائد مراکز کو جرمانہ

### فوڈ پوائنٹ سیل، دودھ میں ملاوٹ، صفائی کا فقدان، عوام کی صحت کیساتھ کھیلنے کی اجازت نہیں دینگے، ترجمان

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے رمضان المبارک کے دوران عوام کو معیاری اور محفوظ خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے کریک ڈاؤن مزید تیز کر دیا ہے۔ اتھارٹی ٹیموں کی کارروائیوں کے دوران کوئٹہ، گوادر اور لورالائی میں 35 سے زائد خوراک کے مراکز پر جرمانے عائد کئے گئے جبکہ قوانین کی سنگین خلاف ورزیوں پر ایک فوڈ پوائنٹ کو سیل کر دیا گیا۔ کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں انسپکشن کے دوران 7 دودھ فروشوں کو ملاوٹ دودھ فروخت کرنے پر جرمانہ کیا گیا، جبکہ 8 میٹ اور پولٹری شاپس کے خلاف ایس او پیز کی خلاف ورزی اور غیر صحت بخش گوشت کی فروخت پر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ دودھ اور دہی کی دکانوں سے نمونے لے کر موقع پر ٹیسٹ کئے گئے، جس کے نتیجے میں بڑی مقدار میں ملاوٹی دودھ ضبط کر کے تلف کر دیا گیا۔ علاوہ ازیں طوغی روڈ، ایئرپورٹ روڈ، مغربی بائی پاس، نوحصار، منگلی، بمبرانی روڈ، جلیلی اور نواں کلی سمیت مختلف علاقوں میں جنرل اسٹورز، سپر اسٹورز، سموسہ پکوڑا شاپس اور بیکریوں پر بھی چھاپے مارے گئے، جہاں سے زائد المیعاد اشیاء، ناقص رنگ اور ممنوعہ خوردنی مصنوعات برآمد کر کے ضبط کر لی گئیں۔ اسی طرح لورالائی میں قوانین کی خلاف ورزی پر 4 جبکہ گوادر میں بھی 4 خوراک کے مراکز کے خلاف کارروائی کی گئی۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق رمضان المبارک کے دوران عوام کو خالص اور معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے انسپکشن ٹیمیں دن رات مصروف عمل ہیں۔ عوام کی صحت کے ساتھ کھلواڑ کرنے والوں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری رہیں گی تاکہ رمضان المبارک میں محفوظ اور معیاری خوراک کی دستیابی کو یقینی بنایا جاسکے۔

## بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس 10 مارچ کو طلب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے آئین کے آرٹیکل 109 (اے) کے تحت بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس پیر 10 مارچ کو دوپہر اڑھائی بجے طلب کرلیا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## پاکستان میں افغانستان سے لائے گئے غیر ملکی اسلحے کے استعمال کے ثبوت پھر منظر عام پر آگئے

دہشتگردوں کو افغانستان میں امریکہ کا چھوڑا ہوا اسلحہ دستیاب ،ہتھیاروں کی فراہمی نے خطے کی سلامتی کو خاطر خواہ نقصان پہنچایا

### غیر ملکی اسلحے کا استعمال افغان عبوری حکومت کا اپنی سرزمین پاکستان کیخلاف استعمال نہ ہونے کے دعوؤں پر بہت بڑا سوالیہ نشان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کی سرزمین پر افغانستان سے لائے جانے والے غیر ملکی اسلحے کے استعمال کے ثبوت ایک بار پھر منظر عام پر آگئے، رپورٹ کے مطابق پاک فوج 2 دہائیوں سے دہشتگردی کیخلاف جنگ لڑ رہی ہے، حال ہی میں پاکستان میں افغان سرزمین سے ہونے والے دہشتگردی کے واقعات میں اضافہ ہوا، افغانستان سے دہشتگرد پاک افغان سرحد کے ذریعے دراندازی ......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

کی کوشش کرتے ہیں اور فورسز کیساتھ ساتھ معصوم شہریوں کو بھی نشانہ بناتے ہیں، سب پر بات عیاں ہے دہشتگردوں کو افغانستان میں امریکہ کا چھوڑا ہوا اسلحہ دستیاب ہے، دہشتگردوں کو ہتھیاروں کی فراہمی نے خطے کی سلامتی کو خاطر خواہ نقصان پہنچایا ہے، آپریشنز کی تفصیلات کے مطابق 4 مارچ 2025 کو فتنہ الخوارج نے بنوں کنٹونمنٹ پر حملے کی کوشش کی مگر سکیورٹی فورسز کے بروقت ردعمل سے ناپاک ارادے ناکام ہو گئے، اپنی ناکامی کے خوف سے حملہ آوروں نے 2 بارودی مواد سے لدی گاڑیاں ٹکرا دیں، آپریشن کے دوران سکیورٹی فورسز نے حملہ آوروں کو نشانہ بنا کر 16 دہشتگردوں سمیت 4 خودکش بمباروں کو ہلاک کر دیا، مارے گئے خوارجیوں سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا

CamScanner

## تربت، معروف عالم دین مفتی شاہ میر مسلح حملے میں جاں بحق

**عشاء کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد نشانہ بنایا گیا، ہسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے**

تربت (نامہ نگار) معروف مذہبی شخصیت اور جید عالم دین مفتی شاہ میر کو نامعلوم افراد نے مسلح حملے میں شہید کردیا۔ واقعہ جامع مسجد ملک آباد میں اس وقت پیش آیا جب وہ عشا کی نماز پڑھ رہے تھے۔ حملہ آوروں نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کی، جس سے وہ شدید زخمی ہوگئے۔ مفتی شاہ میر کو فوری طور پر قریبی ہسپتال منتقل کیا گیا، تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہادت کے درجے پر فائز ہوگئے۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق انہیں سر اور جبڑے پر دو گولیاں لگی تھیں، جو جان لیوا ثابت ہوئیں۔ مفتی شاہ میر کو تربت اور نواحی علاقوں میں ایک جید عالم دین کی حیثیت حاصل تھی۔ وہ دینی اور سماجی خدمات کے ساتھ ساتھ جمعیت علما اسلام کے پلیٹ فارم سے بھی متحرک رہے۔ اس سے قبل بھی ان پر دو مرتبہ جان لیوا حملے ہوچکے تھے، جن میں وہ محفوظ رہے تھے، تاہم اس مرتبہ حملہ کارگر ثابت ہوا۔ ان کی شہادت پر علمی، دینی اور سیاسی حلقوں میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔ اہل علاقہ نے قاتلوں کی فوری گرفتاری اور واقعے کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔

## بسیمہ میں چور دو ٹرانسفارمرز کا قیمتی سامان چوری کرکے لے گئے

بسیمہ (نامہ نگار) بسیمہ کلی حاجی حمزہ زیک میں گزشتہ شب چوروں نے دو ٹرانسفارمرز کا قیمتی سامان نکال کر لے گئے۔ چوروں نے اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے واردات کردی، مقامی افراد نے فوری طور پر بسیمہ انتظامیہ کو اطلاع دی، لیکن شکایت کے باوجود کوئی زمہ دار موقع پر نہیں پہنچا۔ اس بے حسی پر اہلِ علاقہ میں شدید غم وغصہ پایا گیا، کیونکہ بجلی نہ ہونے کی وجہ سے انہیں شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ علاقے میں پہلے ہی بجلی کی فراہمی تسلی بخش نہیں تھی اور اس چوری نے صورتحال مزید خراب کردی، انتظامیہ کی عدم توجہی کے خلاف احتجاجاً اہلِ علاقہ نے سی پیک روڈ کو بلاک کردیا، جس سے ٹریفک معطل ہوگئی۔

## نوشکی میں پولیس موبائل پر دستی بم سے حملہ، ایک اہلکار زخمی

کوئٹہ (این این آئی) نوشکی میں پولیس موبائل پر دستی بم حملے میں ایک پولیس اہلکار زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق جمعہ کو نوشکی کے علاقے عین الدین روڈ پر نامعلوم افراد نے پولیس کی گاڑی پر دستی بم پھینکا جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار زخمی ہوگیا زخمی کو نوشکی میں ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کردیا گیا پولیس مزید کارروائی کررہی ہے۔

## مند میں ڈاکو نجی بینک سے 22 لاکھ سے زائد رقم لوٹ کر فرار

تربت (نامہ نگار) مند میں ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر بینک لوٹ لیا سرکاری ذرائع کے مطابق جمعہ کی صبح ڈاکوؤں نے یو بی ایل سورو برانچ پر دھاوا بول کر عملے کو اسلحے کے زور پر یرغمال بنایا اور 22 لاکھ 13 ہزار 750 روپے لوٹ کر فرار ہوگئے واضح رہے کہ اس سے قبل بھی مند میں بینک ڈکیتی کے دوران ایک شخص جان کی بازی ہار چکا ہے عوامی حلقوں نے پولیس اور انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ بینک کی سیکورٹی سخت بنا کر ڈاکوؤں کو گرفتار کیا جائے۔

## پنجگور: نامعلوم افراد نے تعمیراتی کمپنی کی مشینری کو آگ لگادی

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور کی یونین کونسل کلگ کے علاقے بگدر میں زیر تعمیر ڈیم پر گزشتہ شب نامعلوم افراد نے حملہ کرکے تعمیراتی کمپنی کی مشینری کو آگ لگادی جس کے نتیجے میں ایکسیویٹر، رولر اور ایک رہائشی کمرہ جل کر تباہ ہوگئے۔

## ڈیرہ مراد جمالی: رہزنوں کی فائرنگ سے دو پولیس اہلکار زخمی

**موٹر سائیکل چھین کر فرار ہونے والے رہزنوں نے تعاقب میں آنیوالی پولیس پارٹی پر فائرنگ کی**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب رہزنی کی واردات، نامعلوم افراد اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے۔ تعاقب کے دوران پولیس پارٹی پر رہزنوں کی فائرنگ سے دو اہلکار شدید زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ منجھوشوری کی حدود میں نامعلوم مسلح افراد نے ایک شخص سے موٹر سائیکل چھین لیا پولیس کے تعاقب کرنے پر نامعلوم رہزنوں نے فائرنگ کرکے دو پولیس اہلکاروں ذوالفقار علی اور زاہد علی کو زخمی کردیا اور موٹر سائیکل لے فرار ہو گئے واقع کے بعد زخمیوں کو طبی امداد کے بعد لاڑکانہ منتقل کردیا گیا۔ واقع کے بعد پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کردی تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

## دکی میں تعمیراتی کمپنی کا رولر نذر آتش کردیا گیا

دکی (آئی این پی) دکی کی تحصیل لونی میں مسلح افراد نے تعمیراتی کمپنی کے رولر کو نذر آتش کردیا اور فرار ہوگئے۔ لیویز ذرائع کے مطابق گزشتہ روز ضلع دکی کی تحصیل لونی کے علاقے کلی بگٹ میں مسلح افراد نے دکی تا چمالنگ روڈ کی تعمیراتی کمپنی کے رولر کو جو سائٹ سے دور ایک گھر کے سامنے موجود تھا کو آگ لگادی اور فرار ہوگئے واقعہ سے متعلق مزید تحقیقات کی جارہی ہے۔

## اوستہ محمد میں ڈاکو نقدی و قیمتی سامان لوٹ کر فرار، مزاحمت پر تاجر زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) اوستہ محمد میں ڈاکو تاجر سے ہزاروں روپے نقدی اور دیگر قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہوگئے جبکہ مزاحمت پر تاجر کو شدید زخمی کردیا۔ واقعہ کے بعد پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کردی پولیس کے مطابق ڈاکو دکان پر گھسے اور تاجر منظور احمد سے ہزاروں روپے نقدی اور موبائل چھین کر فرار ہوگئے جبکہ مزاحمت پر تاجر کو زخمی کرکے فرار ہوگئے۔



## کوئٹہ، کالعدم تنظیمیں تخریب کاری کرسکتی ہیں، سی ٹی ڈی کا تھریٹ الرٹ جاری

**2 گاڑیاں کوئٹہ میں داخل ہوئی ہیں جو سرکاری دفاتر یا ہائی آفیشلز پر حملہ کرسکتی ہیں، پولیس کو مراسلہ**

کوئٹہ (این این آئی) کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کی جانب سے کوئٹہ میں ممکنہ تخریب کاری کے خطرے کے پیش نظر تھریٹ الرٹ جاری کیا گیا۔ پولیس کو جاری مراسلے میں سی ٹی ڈی کی جانب سے ممکنہ خطرے کے پیش نظر پولیس کو محتاط رہنے کی ہدایات ......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

دی گئی ہیں۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ کالعدم تنظیمیں کوئٹہ میں تخریب کاری کا منصوبہ رکھتی ہیں۔ سی ٹی ڈی کے مطابق 2 گاڑیاں کوئٹہ میں داخل ہوئی ہیں جو سرکاری دفاتر یا [illegible] آفیشلز پر حملہ کرسکتی ہیں، پولیس عوام اور سرکاری املاک کے تحفظ کیلئے مزید اقدامات اٹھائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 08 MAR 2025

Page No. 18


## قومی شاہراوں کی بندش کے باعث کوئٹہ میں ایل پی جی نایاب

**لاپتہ افراد کے لواحقین قریباً ایک ماہ سے احتجاج پر ہیں، اشیائے خوردونوش کی بھی قلت پیدا ہونے لگی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) قومی شاہراؤں کی بندش کے باعث کوئٹہ میں ایل پی جی گیس نایاب ہو گئی 280 روپے فی کلو فروخت ہونے والی اب 330 روپے فی کلو میں فروخت ہو رہی ہے۔ رپورٹ کے مطابق صوبے کے مختلف علاقوں سے لاپتہ ہونے والے افراد کے لواحقین کی جانب سے اپنے پیاروں کی واپسی کیلئے تقریب ایک ماہ سے زائد سے قومی شاہراہوں کو بند کر رکھا ہے جس کے باعث نہ صرف مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے بلکہ اشیائے خوردونوش کی بھی قلت پیدا ہو رہی ہے۔ جبکہ قومی شاہراہوں کی بندش کے باعث کوئٹہ میں ایل پی جی گیس نایاب ہو گئی 280 روپے فی کلو فروخت ہونے والی اب 330 روپے فی کلو میں فروخت ہو رہی ہے شہریوں کا واحد آسرا ایل پی جی گیس ہے لیکن کوئٹہ میں ایل پی جی کی قلت پیدا ہو گئی شہر کے بیشتر علاقوں میں ایل پی جی میسر نہیں اور جہاں چند دکانوں پر میسر ہے وہاں عوام کو دونوں ہاتھوں سے دکاندار لوٹ رہے ہیں ایل پی جی کی قلت پر دکاندار بھی پریشان ہیں شہریوں کا حکومت سے مطالبہ ہے کہ سوئی گیس حکام کو ماہ رمضان کے دوران گیس کی ترسیل کا پابند کیا جائے اور شہریوں کو بلا تعطل گیس پریشر مکمل بحال کر کے لوڈ شیڈنگ ختم کی جائے تاکہ ان کی مشکلات کم ہو سکیں۔

## اکثر یوٹیلیٹی سٹورز میں خوردنی اشیا کی قلت کے باعث صارفین پریشان

**دستیاب اشیا کا معیار بھی بہتر نہیں، روزہ دار حکومتی ریلیف سے محروم، نوٹس لینے کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ملک بھر میں یوٹیلیٹی اسٹورز پر رمضان ریلیف پیکیج پر عملدرآمد شروع ہوگیا، صوبے کے اکثر یوٹیلیٹی اسٹورز پر اشیا کی قلت، تفصیلات کے مطابق رمضان ریلیف پیکیج کے تحت مختلف اشیاء پر سبسڈی دی گئی ہے، یوٹیلیٹی اسٹورز پر آٹے، چینی، گھی، دال چنا، دال مونگ، دال ماش دھلی، پتی، بیسن، کھجور، مشروبات، سفید چنے، باسمتی چاول، سیلا چاول، ٹوٹا چاول، دودھ سمیت دیگر اشیا پر سبسڈی کا اعلان کیا گیا ہے اسکے علاوہ بھی تمام مصالحہ جات پر بھی سبسڈی دی جا رہی ہے دوسری جانب عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف یوٹیلیٹی اسٹورز پر مختلف اشیا کی قلت ہے جسکی وجہ سے عوام خوار ہو رہی ہے اور عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ خوردنی اشیا کا معیار بھی بہتر نہیں صوبے بھر کے یوٹیلیٹی سٹورز کو ڈیمانڈ کے مطابق دالیں، چاول، چینی، پتی، مصالحہ جات و دیگر اشیا فراہم کی جائیں جبکہ اندرون صوبہ کے سٹورز پر ابھی تک رمضان ریلیف پیکج کے تحت سامان نہیں پہنچا انہوں نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ صوبے کے دور دراز علاقوں میں موبائل یوٹیلیٹی سٹورز کھلے جائیں تاکہ اس ماہ مقدس میں عوام با آسانی خریداری کر سکیں۔

## کردگاپ، بین الاقوامی شاہراہ ایک ہفتے سے بند، مسافر، ٹرانسپورٹرز اور تاجر رُل گئے

**درجنوں لوڈ مال بردار گاڑیاں کھڑی ہیں، رخشاں ڈویژن کے اضلاع میں اشیائے خوردونوش کی قلت**

**جب تک ہمارے لاپتہ نوجوان بازیاب نہیں ہوتے ہمارا احتجاج جاری رہے گا، لواحقین کا موقف**

نوشکی (نامہ نگار) کردگاپ کراس کے قریب پاک ایران بین الاقوامی شاہراہ گزشتہ ایک ہفتے سے بند ہونے کی وجہ سے ایران سمیت رخشان ڈویژن کا رابطہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور ملک کے دیگر حصوں سے منقطع ہے۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سے سبزیاں، پھل اور دیگر اشیائے خوردونوش رخشاں ڈویژن کے مختلف اضلاع اور علاقوں میں ترسیل ہوتی ہے۔ لیکن گزشتہ ایک ہفتے سے شاہراہ کی بندش کی وجہ سے ان اضلاع میں اشیائے خوردونوش کی قلت پیدا ہوئی ہے۔ ماہ مقدس میں اشیائے خوردونوش کی قلت کی وجہ سے عوام کو شدید مشکل کا سامنا ہے۔ دوسری جانب شاہراہ کی بندش سے درجنوں لوڈ مال بردار گاڑیاں کھڑی ہونے کی وجہ سے تاجروں کو کروڑوں روپے کے نقصان کا سامنا ہے۔ مزکورہ پوائنٹ پر مسافروں کے لیے کسی قسم کی کوئی سہولت نہیں ہے جس کی وجہ سے مسافروں، خواتین، روزہ داروں اور بچوں کو انتہائی تکالیف کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ہڑتال کی وجہ سے پاک ایران ٹریڈ بھی متاثر ہو رہی ہے ہڑتال کی وجہ سے بڑی تعداد میں رخشان ڈویژن اور کوئٹہ کے مسافر پھنسے ہوئے ہیں اور مالی مشکلات اور مصائب سے دوچار ہیں۔ کردگاپ سے گزشتہ 10 سالوں کے دوران مختلف اوقات میں دس نوجوان لاپتہ کیے گئے ہیں۔ لواحقین جن میں بڑی تعداد خواتین کی ہے لاپتہ افراد کی بازیابی کے لیے بین الاقوامی شاہراہ پر دھرنا دیئے بیٹھی ہیں۔ ان کا موقف ہے کہ جب تک ہمارے لاپتہ نوجوان بازیاب نہیں ہوتے ہمارا احتجاج جاری رہے گا۔ اگر انھوں نے کوئی غلطی یا جرم کیا ہے تو عدالت میں پیش کیا جائے اور جرم ثابت ہونے پر سزا دی جائے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 08 MAR 2025 Page No. 19

## بلوچستان میں طبی تعلیم، صحت کے شعبے میں بہتری، موثر حکمت عملی کے بغیر ناممکن!

بلوچستان میں صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلیے حکومتی سطح پر ٹھوس اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ بلوچستان میں طبی تعلیم اور صحت کے شعبے میں بہتری لانا موجودہ حالات میں ناگزیر ہے۔ بلوچستان سب سے زیادہ پسماندہ صوبہ ہے جہاں صحت سمیت دیگر چیلنجز موجود ہیں، رقبے کے لحاظ سے ملک کا نصف حصہ ہے جبکہ منتشر آبادی پر پھیلا ہوا خطہ ہے جہاں صحت سمیت دیگر بنیادی سہولیات بڑے چیلنجز ہیں۔ بہرحال بلوچستان ایک مالا مال خطہ ہے جہاں بڑے منصوبوں سمیت معدنی وسائل، سی پیک جیسے اہم منصوبے چل رہے ہیں، ایسے خطے میں صحت، طبی تعلیم سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی کو ممکن بنانا مشکل نہیں اگر بلوچستان کے وسائل کو اس کے عوام پر نیک نیتی سے خرچ کیا جائے۔ وفاق کی جانب سے بلوچستان کو این ایف سی ایوارڈ، بجٹ میں اضافہ، وسائل سے ملنے والے محاصل جائز طریقے سے دیئے جائیں تو بلوچستان بھی ہر شعبے میں دیگر صوبوں کی طرح ترقی کرے گا۔ گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز ریجنل آفس کوئٹہ کی ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر عائشہ صدیقہ کی سربراہی میں خواتین ڈاکٹرز کے وفد نے ملاقات کی جس میں صوبے میں صحت کے شعبے کی بہتری اور طبی تعلیم کے فروغ پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ پروفیسر ڈاکٹر عائشہ صدیقہ نے وزیراعلیٰ کو بلوچستان میں صحت کے شعبے کو درپیش چیلنجز اور ان کے حل کے لیے مختلف تجاویز پیش کیں۔ انہوں نے صوبے میں طبی تعلیم کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور جدید اسپتالوں کی تعمیر کی ضرورت پر زور دیا تاکہ عوام کو معیاری علاج اور صحت کی سہولتیں میسر آسکیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ملاقات کے دوران صحت کے شعبے میں اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا اور یقین دہانی کرائی کہ حکومت بلوچستان صحت کے نظام کو مستحکم بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ پروفیسر ڈاکٹر عائشہ صدیقہ نے وزیراعلیٰ کے عزم کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ صوبے میں طبی تعلیم کے فروغ اور اسپتالوں کی بہتری کے لیے جلد عملی اقدامات کیے جائیں گے، جس سے صحت کے شعبے میں نمایاں بہتری آئے گی۔ بہرحال بلوچستان حکومت موثر حکمت عملی سمیت وسائل کے صحیح استعمال سے طبی تعلیم کے فروغ سے صحت کے شعبے میں تبدیلی لاسکتی ہے جس سے بلوچستان کے عوام مستفید ہوں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 6

Dated: 08 MAR 2025

Page No. 20


## بلوچستان کا طبی شعبہ اور اصلاحات کا عزم...... چند تجاویز !!

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز یہاں خواتین ڈاکٹرز کے ایک نمائندہ وفد سے بات چیت کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ ان کی قیادت میں موجودہ مخلوط صوبائی حکومت عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے گی اور یہ ان کی اولین ترجیح ہے۔ وزیر اعلیٰ نے طبی شعبے کے مسائل اور حکومتی اقدامات وترجیحات پر بات کرتے ہوئے اصلاحات کا بھی ذکر کیا ہے بتایا گیا ہے کہ وفد کی قیادت کرنے والی ڈاکٹر عائشہ صدیقہ نے وزیر اعلیٰ کو طبی شعبے سے متعلق مختلف تجاویز دیں اور ساتھ ہی اس بات کی ضرورت پر زور دیا کہ مزید ہسپتال قائم کئے جائیں تا کہ عوام کو علاج معالجے کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور ہو سکیں اس موقع پر وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے صحت کے شعبے میں اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا اور یقین دہانی کرائی کہ حکومت بلوچستان صحت کے نظام کو مستحکم بنانے کے لئے تمام ممکنہ اقدامات کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مل کر کام کرنا ہوگا پروفیسر ڈاکٹر عائشہ صدیقہ نے وزیر اعلیٰ کے عزم کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ صوبے میں طبی تعلیم کے فروغ اور اسپتالوں کی بہتری کے لیے جلد عملی اقدامات کیے جائیں گے، جس سے صحت کے شعبے میں نمایاں بہتری آئے گی۔ سب سے پہلے تو ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان کے عزم کو سراہتے ہیں پروفیسر ڈاکٹر عائشہ صدیقہ سمیت جتنے بھی ڈاکٹرز صوبے کے طبی شعبے میں جدت، بہتری، تبدیلی اور اصلاحات کے حامی ہیں انہیں بھی خراج تحسین پیش کرتے ہیں البتہ یہ بات کہ مزید ہسپتال قائم کئے جائیں یہ ذرا غور طلب ہے ہم یہ نہیں کہتے کہ بلوچستان کو جدید سہولیات سے آراستہ نئے ہسپتالوں یا طبی مراکز کی ضرورت نہیں۔ یقیناً ضرورت ہے مگر پہلے سے جو ہسپتال قائم ہیں جہاں ڈاکٹرز، پیرامیڈیکس اور دیگر عملہ تعینات ہے جنہیں ہر سال باقاعدگی سے بجٹ ملتا ہے جہاں ادویات جاتی ہیں سوال یہ ہے کہ ان کی کیا کنٹری بیوشن ہے؟ کیا تلخ حقیقت یہ نہیں کہ ڈاکٹروں کی ایک غالب اکثریت حکومت بلوچستان سے ہارڈ ایریا کے خصوصی الاؤنسز لینے کے باوجود ان علاقوں میں ڈیوٹیاں ہی نہیں دیتے؟ کیا یہ سچ نہیں کہ آج بھی اندرون بلوچستان طبی سہولیات ناپید ہیں حالانکہ بلوچستان حکومت عوام کا پیٹ کاٹ کر اور صوبے کی دیگر ترقیاتی ضروریات پر کٹ لگا کر ہر سال کے بجٹ میں تعلیم اور صحت کے لئے بجٹ کا ایک غیر معمولی حصہ وقف کرتی ہے مگر اس کے باوجود صحت ہو یا پھر تعلیم صورتحال انتہائی گھمبیر اور پریشان کن ہے اندرون صوبہ کے ہسپتالوں میں طبی سہولیات ناپید ہیں تبھی تو اندرون صوبہ سے لوگ معمولی سی بیماری کے لئے بھی کوئٹہ آنے پر مجبور ہوتے ہیں صوبے کے ایک بیلٹ سے لوگ علاج معالجے کے لئے ڈیرہ غازیخان، دوسرے بیلٹ سے کراچی، تیسرے سے سکھر جانے پر مجبور ہیں اور اندرون صوبہ تو رہا ایک طرف یہاں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بھی صورتحال اطمینان بخش نہیں بی ایم سی ہو یا پھر سول سنڈیمن اور دیگر ہسپتال یہاں مسائل ہی مسائل ہیں اور یہ مسائل اس وقت تک حل نہیں ہو سکتے جب تک ڈاکٹر برادری اس میں اپنا تعمیری حصہ نہیں ڈالتی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں یہ موجودہ حکومت قائم ہوئی تو ابھی کابینہ کی تشکیل بھی نہیں ہوئی تھی کہ وزیر اعلیٰ نے صحت اور تعلیم کے شعبے میں جامع اصلاحات کا اعلان کیا عوامی حلقوں نے اس کا بھرپور خیر مقدم کیا تعلیم کا قلمدان خاتون رکن کو دیا گیا جنہوں نے قلمدان سنبھالنے کے بعد سے لے کر اب تک کسی حد تک بہتر کارکردگی دکھائی مگر اس کے مقابلے میں صحت کے شعبے کا کوئی پرسان حال نہیں اب تک دوبار اس محکمے کا قلمدان تبدیل کیا گیا ہے دونوں مرتبہ جونیئر ایم پی ایز کو اس کلیدی شعبے کا قلمدان دیا گیا وہ بھی ایک ایسے پیریڈ میں جب وزیر اعلیٰ صاحب بانگ دہل اوپر سے نیچے تک ریفارمز کی تکرار کر رہے ہیں یہ منسٹری کسی نو آموز سیاستدان سے نہیں سنبھلنی سال بھر کے دوران صحت کے شعبے میں تبدیلی تو کیا آتی بڑے بڑے کیسز کی اندر خانہ صدائے بازگشت ہے ادویات کی خریداری سے لے کر ایم ایس ڈی اور ہسپتالوں واضلاع میں انتظامی افسران اور نرسنگ سٹاف کے تقرر وتبادلے تک کہیں بھی صورتحال بہتر اور اطمینان بخش نہیں اس لئے وزیر اعلیٰ صاحب کو ہماری تجویز ہے کہ اگر انہوں نے اس شعبے میں فی الواقعی تبدیلی اور اصلاح احوال کا اعلان عملی صورت میں متشکل کرنا ہے تو فوری طور پر کابینہ میں ردوبدل کریں صحت کا قلمدان اپنے پاس رکھ لیں اور اس کے بعد ڈاکٹروں یا طبی وغیر طبی عملے سمیت کسی بھی قسم کے سیاسی، سماجی، گروہی دباؤ میں آنے کی بجائے از سر نو ریفارمز کی کوشش شروع کریں ابھی چار سال باقی ہیں ان چار سالوں کے دوران ڈاکٹروں کے لئے صوبے کی ضروریات اور حالات کے تقاضوں سے ہم آہنگ ایک یونیفارم پالیسی، سرکاری ہسپتالوں میں سی ایم ایچ طرز پر چیک اپ کی سہولیات، پرائیویٹ ہسپتالوں کے نام پر کاروباری مراکز کھول کر بیٹھنے والے مافیا کے پر کترنے، طبی شعبے میں اقوام متحدہ کے متعین کردہ پائیدار اہداف کے حصول، میڈیکل سٹور مافیا، ناقص اور مضر صحت ادویات کے کاروبار کے مکمل قلع قمع، لیبارٹریز کو ایک دھارے میں لانے، فارماسسٹس فیلڈ سٹاف مسائل، نرسنگ کے شعبے میں اصلاح احوال، تقرر وتبادلوں، بنیادی مراکز صحت سے لے کر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز اور پھر ٹیچنگ ہسپتالوں، پرائمری ہیلتھ کیئر غرض ہر شعبے میں چار سالوں کے دوران وسیع اور ہمہ گیر اصلاح احوال ممکن ہے مگر اس کے لئے کچھ کڑے فیصلے کرنے ہوں گے۔ ریفارمز کسی بھی معاشرے کا سب سے مشکل کام ہوتا ہے صحت کے شعبے سے بیک وقت کئی مافیاز کا کاروبار لگا ہوا ہے اس شعبے میں ریفارمز کی کوششیں نواب اسلم رئیسانی نے بھی کی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے تو اس شعبے میں ایمرجنسی تک کا نفاذ کیا مگر کامیابی اسی لئے نہیں ملی کہ منسٹری لیول پر ترجیحات کچھ اور رہیں اب بھی یہی ہو رہا ہے وزیر اعلیٰ صاحب ریفارمز کے لئے کوشاں ہیں اور منسٹری لیول پر ترجیحات اس کے برعکس ہیں اگر وزیر اعلیٰ صاحب فی الواقعی اصلاحات چاہتے ہیں تو فوری طور پر اس محکمے کا قلمدان واپس لے لیں تا کہ حکومتی اور منسٹری لیول کی پالیسی ایک ہو۔ اہل افسران کی تقرری وتعیناتی ہو اس کے ڈاکٹروں کی روایتی ایسوسی ایشنز سے بھی تجاویز لی جائیں، خواتین ڈاکٹروں سے خصوصی آراء لی جائیں اس شعبے کے تمام اسٹیک ہولڈرز اور سول سوسائٹی کی تجاویز وآراء بھی شامل حال رکھی جائیں پھر اس کے بعد سندھ نہیں بلکہ پنجاب اور کے پی کی صحت کی وزارتوں کو بطور ماڈل رکھا جائے تو کوئی بعید نہیں کہ اگلے چار سال میں اہداف حاصل نہ ہو سکیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: جنیدران کوئٹہ

Bullet No. 6

Dated: 08 MAR 2025 Page No. 21

## ہوم سولر سسٹم کی فراہمی!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے صوبے کی عوام کو سہولتیں بہم پہنچانے کا سلسلہ جاری ہے۔گذشتہ روز انہوں نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہوم سولر سسٹم کی فراہمی بلوچستان کے عوام کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے۔حکومت بلوچستان متبادل توانائی کے منصوبوں کے ذریعے برقی ضروریات پوری کرنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ چینی حکومت کے شکرگزار ہیں جس نے سی پیک کے تحت بلوچستان کو ہوم سولر فراہم کئے جس سے عوامی مشکلات کے خاتمے میں مدد ملے گی۔یہ سولر سسٹمز کئی مہینوں سے گوداموں میں پڑے تھے لیکن موجودہ حکومت نے ان کی شفاف تقسیم اور کم لاگت میں تنصیب کو یقینی بنایا۔انہوں نے پارلیمانی سیکرٹری انرجی، چیف سیکرٹری بلوچستان اور سیکرٹری توانائی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس منصوبے کے لیے ابتدائی طور پر 35 سے 40 کروڑ روپے مختص کئے گئے تھے تاہم موثر منصوبہ بندی کے باعث یہ کام 12 سے 13 کروڑ روپے میں مکمل کیا جارہا ہے۔اس طرح قومی خزانے کو خاطر خواہ بچت ہوئی ہے۔گوادر سی پیک کا مرکز شہر ہے اور وہاں کے عوام اس منصوبے سے ترجیحی طور پر مستفید ہونا چاہئے۔گوادر میں کم از کم 5000 گھرانوں کو یہ سہولت فراہم کی جائے تاکہ گوادر کے عوام کو یہ احساس ہو کہ سی پیک ان کی ہی قربانیوں کے باعث وجود میں آیا اور ان کی فلاح کے لیے کام کر رہا ہے۔علاقوں میں بجلی فراہم کی جائے گی جہاں روایتی گرڈ سٹیشن موجود نہیں ہیں۔اس لئے اس سلسلے میں نوکنڈی ،بلیدی،سوئی،شیرانی اور ماشکیل میں پائلٹ منصوبے شروع کیا جائے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 0 8 MAR 2025 Page No. 22

# Poor education sector

The poor condition of the education sector in Balochistan is a challenge for government. The data regarding the missing are shocking. The government needs to focus towards the key sector with whom no compromise could be made at any condition. Reportedly, over 11,795 government-run schools in Balochistan have no facility for drinking water while 8,188 schools do not have toilet facilities. Besides, 7,998 schools are without fences and 1,942 schools have no buildings. Besides, 12,258 schools do not have the facility of electricity. At present, there are 14,979 primary, middle and high schools for boys and girls across the province. Despite being the resource rich province, schools in Balochistan are without basic facilities that depicts the sincerity of rulers with the province. Provincial government had allocated Rs 75 billion to improve higher secondary education in the province, while billions of rupees are allocated in the budget for education. But the condition of educational institutions is deteriorating instead of improving therefore the literacy rate in the province is lower in Balochistan than the rest of provinces. The lack of basic facilities in schools compel students particularly girl students to remain away from schools. The scattered population of Balochistan has already made it difficult for children to attend schools. In the absence of drinking water, toilets and buildings in government run- schools would be witty to demand for availability of transportation. The Balochistan government has already declared education an emergency in the province and implemented Article 25A of the Constitution to make sure that out of school children attend school. But contrary to it more than 1 million children in Balochistan are out of schools. The Article 25A bonds state to provide free and compulsory education to all children of the age of five to 16 years in such a manner as may be determined by the law. It is imperative that the government should make no compromise with education and ensure transparent use of all resources and funds being allocated for promotion of education. If the government is going through shortage of funds and resources it must cut short its non development expenditures but ensure all basic facilities to the children so that the literacy rate of the province could improve. Compromising with education will lead the province towards more devastation and poverty that the people of the province can no further experience. If the literacy rate of Balochistan did not improve and the condition of education institutes did not improve the people of the province would not be able to tap the benefits of CPEC.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 08 MAR 2025 Page No. 23

# Solar energy lights the way

Balochistan, has long wrestled with energy shortages that have stifled its development and left its people in the dark. However, a recent initiative spearheaded by Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti promises to bring a ray of hope to the region. The provision of home solar systems under the China-Pakistan Economic Corridor marks a significant milestone in addressing Balochistan's energy crisis. This initiative not only underscores the government's commitment to leveraging alternative energy but also highlights the transformative potential of solar power in uplifting the lives of the people of Balochistan. During a ceremony in Quetta, Chief Minister Bugti expressed gratitude to the Chinese government for its support in providing solar systems under CPEC. These systems, which had been lying idle in warehouses for months, are now being distributed transparently and installed at low cost, thanks to the efforts of the current government. This move is a testament to the administration's resolve to prioritize public welfare and ensure that development projects are executed efficiently. By saving billions of rupees through effective planning reducing the project cost from an estimated Rs 35-40 crore to Rs 12-13 crore the government has demonstrated fiscal responsibility while delivering tangible benefits to the people.

The significance of this initiative cannot be overstated. For years, Balochistan's remote and underserved areas have been deprived of reliable electricity, hindering education, healthcare, and economic activities. The introduction of solar systems is a game-changer, particularly for regions where traditional grid stations are not feasible. The government's plan to establish off-grade stations in areas like Nokundi, Buleda, Sui, Sherani, and Mashkel is a step in the right direction. These pilot projects, if successful, could pave the way for extending solar energy solutions to other districts, bringing light and hope to thousands of households. Gwadar, the crown jewel of CPEC, stands to benefit immensely from this initiative. Chief Minister Bugti's directive to provide solar systems to at least 5,000 households in Gwadar is a welcome move. It not only addresses the energy needs of the people but also reinforces the

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 08 MAR 2025

Page No. 25


# علاقے کی ترقی کیلئے لوگوں سے مشاورت اہمیت کی حامل


تحریر: نیک محمد



کسی بھی علاقے کی خوشحالی کیلئے سب سے اہم علاقے کے لوگوں سے مشاورت وان کی ضروریات وآراء کو اہمیت دے کر ان کے وسیع تر مفادات میں اجتماعی نوعیت کے منصوبوں کو خصوصی طور پر اولیت دینی ہوتی ہے اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے صوبائی وزیر نے علاقہ معتبرین کو وقتاً فوقتاً مدعو کر کے ان کی آراء وخشاء کے مطابق ترقیاتی عمل شروع کیا ہوا ہے اس حوالے سے صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے ضلع بھر میں ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کر دیا ہے جو بلا امتیاز شروع کئے گئے ہیں یہ بات قابل ذکر ہے کہ صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے علاقے کی ترقی، عوام کی خوشحالی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے متعدد اجتماعی نوعیت کے منصوبے شروع کر رکھے ہیں ان کے ان ترقیاتی اقدامات کا مقصد عوام کی زندگی کو سہل بنانا، معیشت کو مستحکم کرنا اور علاقے کی مجموعی خوبصورتی میں اضافہ کرنا ہے جس میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی صاف پانی ہر انسان کا بنیادی حق ہے، اور اس ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصل خان جمالی نے پانی کے منصوبوں کو خصوصی توجہ دی ہے پانی کے فلٹریشن پلانٹس، ٹیوب



ویلز اور جدید واٹر سپلائی اسکیموں کے ذریعے عوام کو صاف اور محفوظ پانی فراہم کیا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں سے محفوظ رکھا جا سکے۔ زراعت کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کرنے کے لئے ٹیل تک زمینداروں کو پانی کی فراہمی یقینی بنائی گئی جس سے نہ صرف لوگوں میں خوشحالی آئے گی بلکہ ملک کے لیے زرمبادلہ بھی



حاصل کیا جا سکتا ہے کیونکہ زراعت کسی بھی ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، اور اس حقیقت کو سمجھتے ہوئے صوبائی وزیر نے جدید زرعی طریقوں کے فروغ، نہری انتظام کی بہتری اور کسانوں میں منصفانہ طریقے سے پانی کی تقسیم جیسے اقدامات کیے ہیں۔ اس کے علاوہ، کھادوں اور بیجوں کی مناسب فراہمی اور زراعت میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے لیے بھی منصوبے زیر غور ہیں، تاکہ کسانوں کی پیداوار میں اضافہ ہو اور وہ زیادہ مستفید ہو سکیں ان کے علاوہ آمدورفت میں آسانی پیدا کرنے کے لیے سڑکوں کی تعمیر کی اسکیمات بھی شروع ہو چکی ہیں کیونکہ علاقے کی خوشحالی کیلئے سڑکیں اہم کردار ادا کرتی ہیں ترقی کا ایک اہم پہلو بہتر سڑکوں اور ذرائع آمدورفت کی دستیابی ہے۔ سردارزادہ فیصل خان جمالی کی قیادت میں علاقے میں سڑکوں اور پلوں کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے، تاکہ دیہات اور شہروں کے درمیان آمدورفت کو آسان بنایا جا سکے ان سڑکوں کی تعمیر سے کاروبار کو بھی فروغ ملے گا، اور شہریوں کو سفر میں سہولت میسر آئے گی یہی نہیں بلکہ شہر کی خوبصورتی اور گلیوں کی تعمیر بھی شامل ہے ترقیاتی منصوبوں کے تحت گلیوں اور بازاروں کی حالت بہتر بنانے پر بھی خاص توجہ دی جا رہی ہے گلیوں میں ٹف ٹائلز کی تنصیب، نکاسی آب کے نظام کی بہتری، اور دیگر سہولیات فراہم کر کے شہریوں کو ایک صاف ستھرا اور خوبصورت ماحول دیا جا رہا ہے ان منصوبوں کی تکمیل سے نہ صرف شہر کی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا بلکہ شہریوں کی زندگی میں بھی آسانیاں پیدا ہوں گی۔ دیگر ترقیاتی منصوبے ان کے علاوہ بھی کئی منصوبے زیر غور ہیں، جن میں صحت، تعلیم، اور عوامی بہبود کے منصوبے شامل ہیں ہسپتالوں میں جدید طبی سہولیات کی فراہمی، اسکولوں کی بہتری، اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے جیسے اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ ہر طبقہ ترقی کے ثمرات سے مستفید ہو سکے صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی کی کاوشیں علاقے کی علاقے کی تعمیر و ترقی کے ساتھ ساتھ امن وامان قائم کرنا سب سے اہم کردار ادا کرتا ہے علاقے کی خوشحالی کیلئے اس لئے صوبائی



وزیر کو بہت سے چیلنجز کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے وہ جس سوچ و بچار سے آگے بڑھ رہے ہیں سرخرو ہوں گے اور اگر بات کی جائے ان کے ترقیاتی عمل کے معیار کو یقینی بنانے اور مقررہ مدت میں پایہ تکمیل کی تو ڈپٹی کمشنر استا محمد ارشد حسین جمالی نے اہم کردار ادا کیا نہ صرف یہی بلکہ وہ اجتماعی نوعیت کے مسائل ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ایک بہترین مثال ہیں ان کے اقدامات سے شہریوں کو بنیادی سہولیات میسر آ رہی ہیں، اور علاقے کی مجموعی ترقی میں نمایاں بہتری آ رہی ہے ان منصوبوں کی بروقت تکمیل سے نہ صرف عوام کا معیار زندگی بلند ہوگا بلکہ علاقے کی معیشت بھی مزید مستحکم ہوگی عوامی حلقوں کی جانب سے سردار زادہ فیصل خان جمالی کی



کاوشوں کو سراہا جا رہا ہے اور ان کے بلا امتیاز و قومیت کے علاقے میں رہنے والے لوگوں کو برابری کے حقوق کی فراہمی سے لوگ ان کی انہی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور جس طرح وہ علاقے کی خوشحالی کیلئے سنجیدگی کے ساتھ ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کر رہے ہیں امید کی جا رہی ہے کہ وہ مختصر ٹائم میں لوگوں کے مسائل حل کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے مگر یہ بھی کہنا مناسب ہوگا کہ انہیں کو حل کرنے کیلئے ہر وقت تیار رہتے ہیں اور ضلع بھر کے لوگوں سے قریبی رابطے میں رہے ہیں اور مفاد عامہ کے کے امور بخوبی نبھا رہے ہیں اور تمام ضلعی سربراہان کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ عوام کے مسائل حل کرنے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز نہ برتیں جس کی بنا پر تمام ضلعی آفیسران بھی عوامی شکایات کو دور کرنے کے لیے مصروف عمل ہیں جو کہ ضلع استا محمد کی عوام کیلئے خوش بختی ثابت ہوں گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Dated: 08 MAR 2025 Page No.

Bullet No.



کوئٹہ: صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران سے انکے دفتر میں مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں



پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ لیاقت لہڑی کو سیکرٹری آر ٹی اے علی درانی بریفنگ دے رہے ہیں



کوئٹہ: وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی سے سیکرٹری خزانہ اور سیکرٹری بلدیات ملاقات کر رہے ہیں